سالانہ امتحان — اردو نصاب — 2017-18

حصہ۔ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال نمبر 1 مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) جنگِ یرموک میں مسلمانوں کے سپہ سالار تھے۔

(ا) خالد بن ولیدؓ (ب) ابوعبیدہؓ (ج) عتبہ بن نافع (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۲) سرسید احمد خان دوستی کے معاملے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔

(ا) شکی مزاج (ب) اصول پرست (ج) قدامت پرست (د) شدت پسند

(۳) اظہارِ خیال کا موثر ترین ذریعہ کیا ہے؟

(ا) زبان (ب) ناول (ج) میڈیا (د) شاعری

(۴) ڈپٹی نذیر احمد کے بیٹے کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(ا) عتیق احمد (ب) شبیر احمد (ج) بشیر احمد (د) کریم احمد

(۵) میرے قرآن کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سینے سے لگایا کس نے۔

(ا) آنکھوں سے (ب) سینوں سے (ج) گلے سے (د) پلکوں سے

(۶) لفظ دوا کی جمع ہے۔

(ا) دوائیں (ب) دوائیاں (ج) ادویہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۷) مسلم لیگ کس سن میں قائم ہوئی؟

(ا) 1906ء (ب) 1916ء (ج) 1930ء (د) 1925ء

(۸) جس قدر وہ خوشامد کرتی تھی میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا تھا۔

(ا) خوش (ب) خوف زدہ (ج) شرمندہ (د) نادم

(۹) نظم "جواب شکوہ" میں علامہ اقبال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مخاطب ہیں۔

(ا) انسانوں سے (ب) نومسلموں سے (ج) مسلمانوں سے (د) غیر مسلموں سے

(۱۰) اردو قواعد کی رو سے "جو" ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(ا) اسم موصول (ب) حرف جار (ج) حرف عطف (د) حرف ندا

(۱۱) چینی زبان میں "چائی چن" کا مطلب کیا ہے؟

(ا) خوش آمدید (ب) اچھا پھر ملیں گے (ج) شکریہ (د) مزاج شریف

(۱۲) آخری مغل بادشاہ کا نام کیا ہے؟

(ا) جہانگیر (ب) شاہجہان (ج) بہادر شاہ ظفر (د) اورنگزیب عالمگیر

(۱۳) نظم "صحرا کی دعا" کے شاعر کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(ا) علامہ اقبال (ب) مولانا حالی (ج) حفیظ جالندھری (د) میر انیس

(۱۴) مصرعہ مکمل کیجیے۔ میرے ہزار دل ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حضورﷺ پر

(ا) قربان (ب) صدقے (ج) نثار (د) تصدق

(۱۵) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے خواب حقیقت کا روپ دھار چکے تھے۔

(ا) خالد (ب) سلطان (ج) گل خان (د) گلاب خان